# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

November 26, 2024

پریس ریلیز

## سیکوریٹی اہل کاروں کے کام کی حالت کا جائزہ لینے کے سلسلے میں ان سے شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ملاقات

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ کے مسجل پروفیسر مہتاب عالم رضوی کے ساتھ یونیورسٹی کے سیکوریٹی اہل کاروں کی ورکنگ کنڈیشن اوران کو درپیش چیلنجیز کا جائزہ لینے کے لیےان سے ملاقات کی۔ یونیورسٹی کے پراکٹوریل ڈپارٹمنٹ نے یونیورسٹی پولی ٹکنک کے آڈیٹوریم میں مورخہ بائیس نومبر دو ہزار چوبیس کو یہ پروگرام منعقد کیا تھا۔

اس موقع پر پروفیسر مظہر آصف نے کہا کہ سازگار اور معاون آموزشی ماحول فراہم کرنے کے مقصد کے پیش نظر آج تعلیمی ادارے میں سیکوریٹی اہل کاروں کے کام میں بڑی تبدیلیاں آئی ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ ادارے کے سربراہ کی حیثیت سے یونیورسٹی کے سیکوریٹی اسٹاف کے حقوق کا تحفظ اوران کی ترقی و بہبودان کا فریضہ اوران کی ذمہ داری ہے۔مزید برآں انھوں نے اسٹاف کو یقین دلایا کہ وہ ان کی جائز تشویشات کو حل کرنے کے لیے ہمہ وقت دستیاب ہیں۔

کیمپس میں تحفظ کو یقینی بنانے کے سلسلے میں سیکوریٹی اہل کاروں کے اہم رول اوران کی ذمہ داریوں پر پروفیسر مہتاب عالم رضوی، مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ زور دیا۔انھوں نے مزید کہا کہ جامعہ برادری کے کسی بھی رکن کے ساتھ کسی بھی قسم کی زیادتی کے خلاف یونیورسٹی کی موجودہ انتظامیہ قطعی عدم تحمل کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔فرائض کی انجام دہی کے سلسلے میں اپنی بہترین صلاحیتوں اوراستعداد کو بروئے کار لانے کے لیے سیکورٹی اہل کار کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے اور یہ کہ ناجائز مداخلت کے واقعات سے نمٹتے ہوئے انھیں ہچکچانا نہیں چاہیے۔

پروفیسر ناوید جمال، چیف پراکٹر اینڈ انچارج سیکوریٹی نے شیخ الجامعہ اور رجسٹرار کا شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے سیکوریٹی اسٹاف کی تشویشات اور فکرمندیوں کو ترجیح اور اپنی قیمتی وقت نکال کر اسکول اور یونیورسٹی کی پر کٹوریل ٹیم کے اراکین سے ملاقات کی اور ساتھ ہی آفس اسٹاف اور سیکوریٹی عہدیداروں سے بھی ملے۔

پروفیسر ہرنیت کور، اسسٹنٹ پراکٹر نے پروگرام کی نظامت کی اور پروفیسر اسد ملک نائب پراکٹر نے شکریہ ادا کیا۔اس کے بعد حاضرین نے قومی ترانہ گایا اور پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

اسی شام جامعہ ملیہ اسلامیہ کے رجسٹرار نے میں پاور آوٹ سورسنگ ایجنسیز اور فینانس سیکشن کے لیے ایک اعلامیہ جاری کیا جس میں یونیورسٹی کے تمام آوٹ سورس اسٹاف کو ان کی تنخواہیں ہر ماہ کے تیسرے دن دیے جانے کی ہدایت دی۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی